Session 5th
No 7
Date 27/9/2024
Department Establishment

تحریک استحقاق

جناب سپیکر! کچھ روز قبل میرے حلقے کے چند غریب محنت کش لوگوں نے مجھ سے ملاقات کی اور انہوں نے بتایا کہ ڈپٹی کمشنر مردان بہزاد عادل کے حکم پر ہمیں ہراساں کیا جارہا ہے اور ہمارے منہ سے نوالہ چھین کے ہمیں ذاتی روزگار سے بے دخل کیا جارہا ہے

جناب سپیکر! اس بابت جناب ڈپٹی کمشنر صاحب سے میں نے بنفس نفیس ملاقات کی اور غریب محنت کش مزدوروں کی مشکلات سے ڈپٹی کمشنر صاحب کو آگاہ کیا اور ان کے جائز مطالبات کے حل کرنے کی استدعا کی اور اگر حکومت انہیں روزگار مہیا نہیں کر سکتی تو کم از کم ان غریب لوگوں سے اپنا ذاتی روزگار نہ چھینے۔ ان کے اس روزگار سے نہ حکومت کو کوئی تکلیف ہے نہ ہی عام عوام اس سے متاثر ہو رہے ہیں۔ تاحال ڈپٹی کمشنر صاحب نے ان غریب مظلوم محنت کش مزدوروں کی شکایت کا ازالہ نہیں کیا۔ بلکہ ڈپٹی کمشنر صاحب کی غیر سنجیدگی کی وجہ سے ضلع مردان میں امن وامان کا مسئلہ پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔

جناب سپیکر! ڈپٹی کمشنر صاحب کو شکایت کے ازالے کے لئے بار بار ٹیلی فون کرتا رہا مگر انہوں نے غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے میرا فون سننا مناسب نہیں سمجھا ڈپٹی کمشنر کے اس عمل سے نہ صرف میرا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا میری تحریک استحقاق کو متعلقہ کمیٹی کے حوالہ کیا جائے۔

[signature]

عبدالسلام ایم پی اے

PRIVILEGE MOTION

Session No. 5th
Notice No 07
Received Time 12:30
Received Date 27/09/2024
From Mr/Ms عبدالسلام MPA
Receiver Sign [signature]